7جون2020ء

اسٹیٹ بینک کی طرف سے یاددہانی: جعلی فون کالز پر ذاتی معلومات نہ بتائیں

یہ بات اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے علم میں آئی ہے کہ بد دیانت عناصر خود کو اسٹیٹ بینک یا دوسرے اداروں کا اہلکار ظاہر کر کے عام لوگوں کو فون کالیں کر رہے ہیں اور ان کے ڈپازٹ اکاؤنٹس کے بارے میں ذاتی معلومات اس بہانے سے پوچھ رہے ہیں کہ کورونا وائرس کی وبا کی بنا پر ملک میں اعلان کردہ ہنگامی حالت کی روشنی میں اسٹیٹ بینک، بینکوں کے صارفین سے معلومات اکٹھی کر رہا ہے۔ بعض اوقات یہ دھوکہ باز عناصر یہ دعویٰ بھی کرتے ہیں کہ یہ معلومات اس لیے درکار ہیں کہ اے ٹی ایم سروس دستیاب نہ ہونے کی صورت میں ان کے اکاؤنٹس کا فعال رہنا یقینی بنایا جائے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کسی بینک کے اکاؤنٹ ہولڈرز کی تفصیلات کبھی طلب نہیں کرتا اور بظاہر اس کی جانب سے کی جانے والی ایسی تمام کالز جعلی ہیں اور ان کا مقصد دھوکہ بازی ہے۔ عوام کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ایسی جعلی کالز کا جواب نہ دیں اور کسی طرح کی معلومات فراہم نہ کریں۔

ایسی کالز کی اطلاع فوری طور پر اپنے بینک کو دیں۔ نیز، ان کالز کی اطلاع اسٹیٹ بینک کی ہیلپ لائن 021-111-727-273 پر (دفتری اوقات میں)، یا ای میل cpd.helpdesk@sbp.org.pk پر بھی دی جاسکتی ہے۔

****